سوال

(561)اپنی غلطیوں کی معافی مانگنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

حقوق العباد کے بارے میں آتا ہے کہ جب تک بندہ معاف نہ کرے اللہ تعالیٰ بھی معاف نہیں کرے گا۔ اب اتنی طویل زندگی میں ایک آدمی کو یہ پتہ نہیں ہوتا کہ اس نے کس کس کی چغلی کھائی ہے کس کا حق چھینا ہے کس کا قرض دینا ہے۔ کس سے لڑائی کی ہے وغیرہ وغیرہ۔ اگر ان تمام باتوں کی بذریعہ اخبار اشتہار کے ذریعے معافی مانگ لی جائے تو کیا یہ حق ادا ہوجائے گا۔ خواہ اسے تمام حقدار پڑھیں یا نہ پڑھیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ہر آدمی کو حتی المقدور تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے جدوجہد کرنی چاہیے۔ کہ دنیاوی زندگی میں ہی بندوں سے اپنا معاملہ بیباک کرلے ورنہ روز جزاء پچھتاوا کسی کام نہ آسکے گا اور ایسے امور جو انسانی استطاعت سے باہر ہیں ان کے بارے میں بالعموم رب کے حضور سر بسجود ہوکر نہایت عاجزی وانکساری سے معافی کی درخواست کرنی چاہیے۔ ممکن ہے اللہ رب العزت مظلوم کو صلہ اپنی طرف سے عطا کرکے تعدی (زیادتی) کرنے والے کو معاف کردے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص840

محدث فتویٰ